WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM - WWW.OGDCL.COM

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا انیسواں سالانہ اجلاس عام 26 اکتوبر 2016 کو 10:00 بجے میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد کیا جائے گا جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**عمومی کارروائی:**

1- 15 اکتوبر 2015 کو منعقد ہونے والے 18 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی (minutes) کی تصدیق۔

2- 23 اگست 2016 کو منعقد ہونے والے 10 ویں غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق۔

3- 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کی مالی تفصیلات کے علاوہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور و خوض اور ان کی منظوری۔

4- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 20 فیصد حتمی نقد منافع یعنی دو روپے فی شیئر کی منظوری۔ یہ تین عبوری نقد منافع کل 32 فیصد یعنی مبلغ 3.2 روپے فی شیئر کے علاوہ ہے جو پہلے ہی ادا کیا گیا ہے۔

5- سال 17-2016 کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کی اجرت کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اجلاس ہذا کے اختتام پر ریٹائرڈ ہو جائیں گے۔

6- چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی قسم کی کارروائی کو زیر غور لایا جائے گا۔

بحکم بورڈ

احمد حیات لک

کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

07 ستمبر 2016

## نوٹس:

**1۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت:**

اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر کسی دوسرے فرد کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا متبادل مقرر کر سکتا ہے۔ تاہم اس سلسلے میں متبادل کا تقرر نامہ جس پر دستخط اور مہر ثبت ہو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہئے۔

**2۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں وضع کردہ حسب ذیل گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا:**

**الف)۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

افراد، اکاؤنٹ ہولڈرز، ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہے اور قواعد کے مطابق ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ لوڈ کی گئی ہیں کو اجلاس میں شرکت کرتے وقت اپنی شناخت ظاہر کرنا ہوگی اور اپنا قومی شناختی کارڈ یا اوریجنل پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کے ہمراہ نامزد کردہ فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) فراہم کیا جائے۔

**ب)۔ متبادل کے تقرر کیلئے:**

i۔ افراد، اکاؤنٹ ہولڈر، سب اکاؤنٹ ہولڈرز یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہے اور قواعد کے مطابق ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ لوڈ کی گئی ہیں اپنے پراکسی فارم (proxy form) درج بالا تفصیل کے تحت ارسال کریں۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کی شہادت درج ہو جن کے نام، پتہ جات اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہوں۔

iii۔ پراکسی فارم کے ساتھ استفادہ حاصل کرنے والے مالک اور متبادل (پراکسی) کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول لف کی جائے۔

iv۔ اجلاس کے دوران پراکسی (Proxy) کو اپنا اصل شناختی کارڈ یا اوریجنل پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

v۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ مختار نامہ مع کاروباری ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے نامزد کردہ فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) فراہم کیا جائے۔

**ج)۔ ای ووٹنگ:**

ایس ای سی پی کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016 کے تحت ممبران اپنا ای ووٹنگ کا حق استعمال کر سکتے ہیں لیکن اس کیلئے انہیں Execution Officer کی تعیناتی پر کمپنی کے اجلاس سے کم از کم دس (10) دن قبل تحریری طور پر اپنی رضامندی فراہم کرنا ہوگی۔

**3۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت:**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 10 بتاریخ 21 مئی 2014 کی روشنی میں اگر کمپنی کو اجلاس عام سے 10 روز قبل اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کرنے کی غرض سے ایک ہی علاقے سے 10 فیصد یا زائد ممبران کی درخواستیں موصول ہوتی ہیں تو کمپنی پھر متعلقہ شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا اہتمام کرے گی تاہم وڈیو کانفرنس متعلقہ شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے اور وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کیلئے براہ کرم متعلقہ فارم پُر کر کے کمپنی کو مقررہ وقت کے اندر اندر ارسال کریں۔ فارم ہر شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ڈاک ارسال کئے گئے ہیں جو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

**4۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس **19 اکتوبر سے 26 اکتوبر 2016** تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس سلسلے میں شیئر ٹرانسفر کی کوئی بھی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک بی، S.M.C.H.S. مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400 کو مورخہ 18 اکتوبر 2016 تک دفتری اوقات کے خاتمے کے دوران موصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں حتمی نقد منافع کی ادائیگی کیلئے بروقت تسلیم کی جائیں گی۔

**5۔ تبدیلی ایڈریس:**

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ تبدیلی ایڈریس کی صورت میں فوری طور پر آگاہ کریں۔

**6۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کیلئے نوٹس:**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ایس آر او 831(I)/2012 بتاریخ 5 جولائی 2012 کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹس کیلئے رجسٹرڈ ممبر یا مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کا ہونا ضروری ہے۔ جن ممبران نے اپنے موثر شناختی کارڈ/ این ٹی این (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کی کاپی تاحال فراہم نہیں کی کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ممبرز فولیو نمبر کے ہمراہ اپنے شناختی کارڈ یا این ٹی این (ادارے کی صورت میں) کی کاپی کمپنی کو ارسال کریں۔ نوٹ کیا جائے کہ ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او 275(I)/2016 بتاریخ 31 مارچ 2016 کی روشنی میں موثر قومی شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی منافع کو روکنے پر مجبور ہوگی۔ ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے شناختی کارڈ/ این ٹی این کی کاپیاں فراہم نہیں کیں ان کی فہرست حصص یافتگان کی معلومات کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔

**7۔ شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معلومات کی فراہمی:**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او نمبر 470(I)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کی روشنی میں مورخہ 23 اگست 2016 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے 10 ویں غیر معمولی اجلاس عام میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس سے متعلقہ معلومات سافٹ فارم یعنی سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کی صورت میں فراہم کرنے کی منظوری دی ہے۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی معلومات اپنے رجسٹرڈ پتوں پر یا بذریعہ ای میل حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں سے درخواست کیجاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کئے گئے فارم کو پُر کریں اور اس پر باضابطہ طور پر دستخط کر کے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے پاس جمع کروائیں۔

**آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ**

او جی ڈی سی ایل ہاؤس، جناح ایونیو، اسلام آباد، پاکستان

PID(I)1219/16

(SAY "NO TO CORRUPTION")

We Explore Prosperity ►►

Published in the Daily Jang (Karachi, Lahore & Islamabad) and Daily Dunya Islamabad on September 08, 2016